## سوال

(131) صحیح راستہ کون سا ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نے موجودہ حالات میں تبدیلی لانے کے طریقوں کے متعلق کافی مطالعہ کیا ہے۔ سچی بات تو یہ ہے کہ ہر ایک کے پاس اپنے موقف کے حق میں دلائل موجود ہیں۔ لیکن میں اپنے محدود علم کی وجہ سے یہ نہیں جان سکا کہ موجودہ زمانہ کی مناسبت سے کونسا طریقہ زیادہ بہتر ہے، جب کہ صورت حال یہ ہے کہ ہم دین سے مکمل طور پر دور جاچکے ہیں، ہمارے پاس محض کچھ رسم ورواج اور تہوار باقی ہیں جن سے اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشنودی حاصل نہیں ہو سکتی۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جنت تک وہی راستہ پہنچاسکتا ہے جس پر محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے بعد آنے والے مسلمان تھے۔ جو اس راستے پرچلے گا نجات پائے گا اور جو اس سے ادھر ادھر ہوگا ہلاک ہوجائے گا۔

وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْقُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی نَبِیَّنَا مُحَمَّدٍ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ

اللجنة الدائمة ۔ رکن : عبداللہ بن قعود، عبداللہ بن غدیان ،نائب صدر : عبدالرزاق عفیفی، صدر عبدالعزیز بن باز فتویٰ (۵۸۴۵)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

### فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ

### جلددوم - صفحہ 145